**15.01.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........شمیم احمد

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت، دنیا کے ہر پلیٹ فارم پر عالمی جنوب کے معاملے کو مضبوطی سے اٹھارہا ہے۔ انہوں نے دولت مشترکہ کے اسپیکروں اور پریسڈائنگ افسروں کی کانفرنس سے خطاب کیا۔

☆ سپریم کورٹ نے I-PAC چھاپوں کے معاملے میں ED کے افسران کے خلاف مغربی بنگال پولیس کی جانب سے درج FIRs پر روک لگا دی ہے۔ اُس نے مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ، پولیس کے ڈائریکٹر جنرل اور دیگر کے خلاف نوٹس جاری کیے ہیں۔

☆ چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں 52ماؤنوازوں نے خود سپردگی کر دی ہے۔

☆ یوروپی یونین کے لیڈر اینٹونیو لوئس سینٹوس ڈا کوسٹا اور Ursula von der Leyen، 77 ویں یوم جمہوریہ کی تقریبات میں مہمانِ خصوصی ہوں گے۔

☆ اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی ایک میٹنگ میں آج ایران میں حکومت مخالف احتجاجوں کے خلاف کی گئی پُرتشدد کارروائی کے بعد کی صورتحال پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔

☆ اور بیڈمنٹن میں بھارت کے لکشیہ سین، نئی دلّی میں انڈیا اوپن کے مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**Day PM CSPOC**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت، ہر عالمی پلیٹ فارم پر عالمی جنوب کے معاملے کو مضبوطی سے اٹھا رہا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ جی ٹوئنٹی کی اپنی صدارت کے دوران بھی بھارت نے عالمی جنوب کی ترجیحات کو عالمی ایجنڈے میں مرکزی حیثیت دی تھی۔ وزیر اعظم نئی دلّی میں آج سموی دھان سَدن میں دُولت مشترکہ کے اسپیکروں اور پریسڈائنگ افسروں کی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔

**S/B: PM Global South**

وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت نے اپنی رنگا رنگی کو اپنی جمہوریت کی مضبوطی میں بدل دیا ہے اور وہ

تیزی سے ابھرتی ہوئی بڑی معیشت کے طور پر ابھرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت میں جمہوریت کا مطلب، آخری آدمی تک پہنچنا ہے اور حکومت، بغیر کسی امتیاز کے ہر فرد کیلئے عوامی فلاح و بہبود کے جذبے کے ساتھ کام کر رہی ہے۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ بھارت نے ثابت کر دیا ہے کہ جمہوری ادارے اور جمہوری عمل، جمہوریت کو استحکام، رفتار اور بلندی عطا کرتے ہیں۔

**S/B: PM on Democracy**

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت میں عوام کو سب سے زیادہ اولیت حاصل ہے اور اُن کی امنگوں کو اولین ترجیح دی گئی ہے۔ جناب مودی نے کہا آج بھارت میں UPI، دنیا کا سب سے بڑا ڈیجیٹل ادائیگی نظام ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور سوشل میڈیا نے جمہوری اداروں کی صلاحیت اور استعداد کو بڑھایا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مصنوعی ذہانت اور سوشل میڈیا کے غلط استعمال نے کئی تشویشناک چیلنج جیسے غلط اطلاعات، سائبر جرائم اور سماجی تقسیم کو بڑھا دیا ہے۔ x

## Rajnath Rajasthan

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ مسلح افواج کی جدت طرازی کیلئے مختلف اصلاحات نافذ کی گئی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ کسی بڑی تنظیم میں اس طرح کی تبدیلیاں چیلنج سے پُر ہیں لیکن یہ ضروری ہیں۔ انھوں نے کہا کہ بھارت 2047 تک دنیا کی سب سے مستحکم مسلح افواج میں سے ایک بننے کی راہ پر پیشرفت کر رہا ہے۔ راجستھان کے شہر جے پور میں شوریہ دِوَس پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے ملک کی غیر متزلزل خدمت کرنے کیلئے بھارتی فوج کی ستائش کی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ آپریشن سندور اب بھی جاری ہے۔ انھوں نے زور دیا کہ امن قائم کرنے کی بھارت کی کوششیں اُس وقت تک جاری رہیں گی جب تک کہ دہشت گردی کی لعنت کو مکمل طور پر ختم نہیں کردیا جاتا۔

**S/B 2045 Rajnath on OPT Sindoor**

## SC ED TMC

سپریم کورٹ نے آج انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ ED کے افسران کے خلاف مغربی بنگال پولیس کی جانب سے درج کی گئی FIR پر روک لگا دی ہے۔ یہ FIR، سیاسی مشاورتی کمپنی I-PAC کی کولکاتہ میں واقع عمارتوں اور اُس کے ساتھی بانی پرتیک جین کی رہائش گاہ پر حال ہی میں تلاشی کی کارروائی کے سلسلے میں درج کی گئی تھی۔ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ اِن عرضداشتوں نے کسی مرکزی تحقیق کے عمل میں ریاستی ایجنسیوں کی جانب سے مبینہ مداخلت پر سنجیدہ سوالات کھڑے کر دیئے ہیں۔ عدالت عظمیٰ نے مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی، پولیس کے ڈائریکٹر جنرل راجیو کمار، کولکاتہ کے پولیس کمشنر اور دیگر کو انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ کی اُن عرضداشتوں کے تعلق سے نوٹس جاری کیے ہیں، جس میں پچھلے ہفتے انجام دی گئی تلاشی کی کارروائیوں کے دروان رخنہ اندازی کا الزام لگایا گیا تھا۔ بینچ نے نوٹس کے جواب میں حلف نامے داخل کرنے کیلئے دو ہفتے کا وقت دیا ہے اور اِس معاملے کی سماعت کیلئے اگلے ماہ کی 3 تاریخ مقرر کی ہے۔ x

**BJP Mamata PC**

مغربی بنگال میں انفورسمینٹ ڈائریکٹریٹ کے افسران کے خلاف FIR پر روک لگانے کے سپریم کورٹ کے فیصلے پر BJP نے کہا کہ یہ مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کیلئے ایک بڑا صدمہ ہے۔ نئی دلّی میں آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے ترجمان گورو بھاٹیہ نے الزام لگایا کہ محترمہ بنرجی غیر قانونیت اور بد انتظامی کی ایک علامت ہیں۔

**S/B: FF Gaurav Bhatia**

**Nadda Ayush Growth**

صحت کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا نے آج کہا کہ بھارت کی آیوش اور جڑی بوٹیوں کی برآمدات میں چھ فیصد کا اضافہ ہوا ہے، جو 2023-24 میں 649 ملین سے بڑھ کر 2024-25 میں 688 ملین سے زیادہ ہوگئی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب نڈّا نے کہا کہ آیوش برآمداتی ترقیاتی کونسل کے قیام نے، بھارت کی روایتی ادویہ اور جڑی بوٹیوں پر مشتمل مصنوعات کیلئے بین الاقوامی مطالبے میں اضافہ کیا ہے۔

**Punjab President**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے طلباء کو مشورہ دیا ہے کہ وہ یہ یاد رکھیں کہ تعلیم، حصولِ معاش کا وسیلہ ہی نہیں ہے بلکہ یہ معاشرے اور ملک کی خدمت انجام دینے کا ایک ذریعہ بھی ہے۔ صدر جمہوریہ، امرتسر میں آج گرونانک دیو یونیورسٹی کے 50ویں جلسۂ تقسیم اسناد سے خطاب کر رہی تھیں۔

انہوں نے کہا کہ طلباء اُس معاشرے کے قرض دار ہیں، جس نے اُن کی تعلیم میں تعاون کیا۔ انہوں نے کہا کہ اُن افراد کو اوپر اٹھانے کی کوشش کرنا جو ترقی کے سفر میں کہیں پیچھے رہ گئے ہیں، قرض چکانے کے طریقوں میں سے ایک ہے۔

**S/B: President**

صدر جمہوریہ نے گریجویشن میں اعلیٰ مقام حاصل کرنے والے کچھ طلباء، بالخصوص طالبات کو اعزازات دیے اور گرونانک دیو جی کی اِن تعلیمات پر عمل کرنے کے سلسلے میں یونیورسٹی کی ستائش کی کہ معاشرے میں خواتین کو مساوی حقوق دیئے جانے چاہئیں۔ x

**Chatiisgarh maoists**

آج چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں 52 ماؤنوازوں نے سیکورٹی فورسز کے سامنے خود سپردگی کر دی۔ ان ماؤنوازوں پر ایک لاکھ 45 کروڑ روپے کے انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔ خود سپردگی کرنے والوں میں 21 خواتین ماؤنواز بھی شامل ہیں۔ چھتیس گڑھ حکومت کی بازآبادکاری پولیسی کے تحت خود سپردگی کرنے والے ہر ایک ماؤنواز کو 50 ہزار روپے کی مالی مدد مہیا کرائی گئی ہے۔×

## Republic Day Chief Guest

یوروپی کونسل کے صدر **Antonio Luis Santos da Costa** اور یوروپی کمیشن کی صدر **Ursula von der Leyen** اِس مہینے کی 26 تاریخ کو کرتویہ پتھ پر 77ویں یومِ جمہوریہ تقریبات کے مہمان خصوصی ہوں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی دعوت پر یہ دونوں لیڈر اِس مہینے کی 25 تاریخ سے بھارت کے تین روزہ سرکاری دورے پر ہوں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**VC Saklen**

بھارت کے اپنے دورے کے دوران یہ لیڈر اِس مہینے کی 27 تاریخ کو سولھویں بھارت–یوروپی یونین چوٹی کانفرنس کی مشترکہ صدارت بھی کریں گے۔ صدر **Costa** اور صدر **Von der Leyen**، صدر جمہوریہ سے ملاقات کریں گے اور بات چیت بھی کریں گے۔ وہ وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ وفود کی سطح کی بات چیت بھی کریں گے۔ بھارت–یورپی یونین چوٹی کانفرنس کے موقع پر بھارت–یوروپی یونین کاروباری فورم کا ایک اجلاس بھی منعقد کئے جانے کی توقع ہے۔ وزارتِ خارجہ نے کہا کہ بھارت اور یوروپی یونین 2004 کے بعد سے جامع شراکت دار رہے ہیں۔ پندرھویں بھارتی–یوروپی یونین چوٹی کانفرنس، ورچوئل طور پر 15 جولائی 2020 کو منعقد ہوئی تھی۔

گزشتہ سال فروری میں یوروپی یونین کالج آف کمشنرس کے بھارت کے تاریخی دورے کے بعد، مختلف شعبوں میں دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات، وسیع اور گہرے ہوئے ہیں۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ 77ویں یومِ جمہوریہ کے موقع پر یوروپی یونین کے لیڈروں کی مہمان خصوصی کے طور پر شرکت اور سولھویں بھارت–یوروپی یونین چوٹی کانفرنس، بھارت–یوروپی یونین جامع شراکت داری کو مزید گہرا کرے گی نیز باہمی مفاد کے ترجیحی شعبوں میں تعاون کو بڑھائے گی۔

آکاشوانی نیوز دلّی سے ثقلین اخبر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ...

## UNSC Iran Meeting

اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی ایران کی صورتحال پر ایک بریفنگ کیلئے آج میٹنگ ہوگی۔ ملک گیر سطح پر کئی ہفتوں سے جاری احتجاج اور حکام کی طرف سے پُرتشدد کارروائی کے بعد حالات اب بھی بے حد کشیدہ ہیں۔ یہ میٹنگ، ایران کی جانب سے رات کے وقت اپنی فضائی حدود کو کچھ دیر کیلئے بند کر دینے کے بعد ہو رہی ہے، جس سے کئی بین الاقوامی ایئر لائنز کو اپنی پروازوں کا راستہ بدلنا پڑا یا اُنھیں منسوخ کرنا پڑا۔ ایران کی شہری ہوا بازی کی اتھارٹی نے آج صبح سویرے اپنی فضائی حدود کو دوبارہ کھول دیا اور ملکی نیز بین الاقوامی خدمات بتدریج بحال ہو رہی ہیں۔ امریکہ میں قائم حقوق انسانی کے ایک گروپ نے اطلاع دی ہے کہ ملک گیر پیمانے پر حکومت مخالف احتجاجوں کے خلاف کی گئی کارروائی میں مرنے والوں کی تعداد ڈھائی ہزار سے زیادہ ہوگئی ہے۔

اِدھر امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اُنھیں بتایا گیا ہے کہ احتجاجوں کے خلاف ایران کی کارروائی میں ہونے والی ہلاکتوں کی شدت میں کمی آئی ہے اور یہ کہ وہ یہ مانتے ہیں کہ فی الحال بڑے پیمانے پر

سزائے موت کا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ اِس سے قبل صدر ٹرمپ نے مظاہرین سے کہا تھا کہ مدد جلد ہی پہنچنے والی ہے اور اُن کی انتظامیہ سکیورٹی فورسز کی جانب سے بڑے پیمانے پر کی جانے والی ہلاکتوں کی رپورٹوں کے جواب میں مناسب کارروائی کرے گا۔ ایران کے وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ لوگوں کو پھانسی دینے کا تہران کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ پورے ایران میں بے چینی کے سبب انگلینڈ نے تہران کے اپنے سفارت خانے کو بند کر دیا اور اپنے عملے کو واپس بلا لیا، جبکہ بھارت، پولینڈ اور اٹلی نے اپنے باشندوں سے ایران چھوڑنے کو کہا ہے۔

مزید تفصیل مغربی ایشیا کے ہمارے نامہ نگار سے...

**VC Vinod Kumar**

امریکہ کے صدر ٹرمپ نے آج کہا کہ اُن کو اِس بات کی یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ احتجاج کرنے والوں کی ہلاکتوں کا سلسلہ رک گیا ہے اور فی الحال سزائے موت دینے کا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ حالانکہ وہ صورتحال پر اب بھی گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ البتہ انہوں نے فوری فوجی کارروائی کی دھمکی کو واپس لے لیا ہے۔ اِس سے قبل پھانسی کی کارروائیاں جاری رہنے کی صورت میں اُن کی جانب سے سخت کارروائی کی دھمکی سے معلوم ہوتا ہے کہ ایران، احتجاج کرنے والے عرفان سلطانی کو پھانسی دینے کے عمل کو ملتوی کرنے پر مجبور ہوا، جنھیں گرفتاری کے فوراً بعد سزائے موت سنائی گئی تھی۔

ایرانی وزیر خارجہ عباس ارغچی سمیت دیگر اہلکاروں نے پھانسی کی سزا کے ارادے کی نفی کی ہے اور بڑے پیمانے پر ہلاکتوں کی رپورٹوں کو غلط اطلاعات کہہ کر ردّ کر دیا ہے۔

اِدھر اقوام متحدہ سلامتی کونسل نے ایران میں بڑھتے ہوئے بحران سے نمٹنے کیلئے ایک ایمرجنسی اجلاس طلب کیا ہے۔ کئی ممبر ملکوں نے بڑے پیمانے پر کی گئی مبینہ ہلاکتوں کی آزاد تحقیقات کی ضرورت پر زور دیا ہے اور انٹرنیٹ کی فوری بحالی کی تاکید کی ہے۔ صورتحال اب بھی کشیدہ ہے، گو کہ تہران اور واشنگٹن دونوں ہی جانب سے کشیدگی میں کمی کے اشارے مل رہے ہیں۔

اِدھر احتجاج اور اُسے دبانے کی کارروائی بھی ایران بھر میں جاری ہے۔

ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ......

## MEA Iran Advisory

بھارت نے اپنے شہریوں کو ایران کا سفر کرنے سے گریز کرنے پر سختی سے عمل کرنے کا مشورہ دیا ہے کیونکہ اس مغربی ایشیائی ملک میں سکیورٹی کی صورتحال مزید خراب ہوگئی ہے۔ اسی دوران، تہران میں بھارت کے سفارتخانے نے ایک ایڈوائزری میں کہا ہے کہ ایران میں جاری صورتحال کے مدنظر وہ بھارتی باشندے، جو اِس وقت وہاں موجود ہیں، انھیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ کمرشیل فلائٹ سمیت نقل وحمل کے کسی بھی دستیاب وسیلے کے ذریعے ایران چھوڑ دیں۔ ان میں طالب علم، زیارت کرنے والے، کاروباری افراد اور سیاح شامل ہیں۔ وزارت خارجہ ایک ایڈوائزری میں ایران میں ریسیڈنٹ ویزا پر مقیم بھارتی باشندوں سے کہا ہے کہ وہ بھارتی سفارتخانے میں اپنا اندراج کرائیں اگر انھوں نے ابھی ایسا نہیں کیا ہے۔

تہران میں بھارتی سفارتخانے کے ایمرجنسی رابطہ ہیلپ لائن نمبر اس طرح سے ہیں : پلس نو آٹھ نو، ایک دو آٹھ، ایک صفر نو، ایک ایک پانچ پلس نو آٹھ نو، ایک دو آٹھ، ایک صفر نو، ایک صفر نوپلس نو آٹھ نو، ایک دو آٹھ، ایک صفر نو، ایک صفر دو سفارت خانے سے ای میل cons.tehran@mea.gov.in کے ذریعے بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔x

## J&K Security

مرکزی داخلہ سکریٹری گووند موہن نے آج جموں میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی اور اُن کے ساتھ مرکز کے زیر انتظام علاقے میں سلامتی کی صورتحال، دہشت گردی مخالف جاری کارروائیوں اور سکیورٹی سیٹ اَپ کی آپریشن جاتی تیاری پر تبادلہ خیال کیا۔

جناب موہن نے جموں کے اپنے دورے کے دوسرے روز، آج پہاڑی علاقوں میں بہت زیادہ بڑھائی گئی سکیورٹی، سکیورٹی کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے ایک اور اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت بھی کی۔ انھوں نے دہشت گردی مخالف جاری کارروائیوں اور سرحد پر ڈرون کی دراندازی کا جائزہ بھی لیا۔ مختلف فورسز، پولیس اور انٹیلیجنس ایجنسی کے اعلیٰ سکیورٹی حکام نے اِس میٹنگ میں شرکت کی۔

## Hosabole Trivedi Book Rlease

بی جے پی کے ممبر پارلیمنٹ ڈاکٹر سدھانشو ترویدی اور RSS کے جنرل سکریٹری دَتہ ترِیا Hosabole نے آج نئی دلّی کے عالمی کتاب میلے میں سابق ممبر پارلیمنٹ ترون وجے کی تحریر کردہ ایک کتاب کا اجرا کیا۔ اِس موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر سدھانشو ترویدی نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے اُس زہر سے ملک کو آزاد کرنے کے بارے میں بات کی ہے، جسے Maculy نے 1835میں لوگوں کے ذہن میں بھرنا شروع کیا تھا۔

انہوں نے کہا کہ یہ کتاب، اُن چیلنجوں پر توجہ مرکوز کرتی ہے، جن کا ملک کو فی الوقت سامنا ہے اور اِس میں اِن چیلنجوں سے نمٹنے کے حل کی بات بھی کی گئی ہے۔ اپنے خطاب میں جناب Hosabole نے کہا کہ بھارت، آج اُس علم کو فروغ دے رہا ہے، جو اس کے پاس قدیم زمانے سے موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ مصنف نےعظیم رزمیہ مہا بھارت سے متاثر ہوکر یہ کتاب لکھی ہے۔

## IMD WEATHER

بھارتی محکمۂ موسمیات نے اگلے تین چار دنوں تک ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، پنجاب، اترپردیش اور اتراکھنڈ میں گھنے کہرے کی صورتحال کے پیش نظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمے نے اس مہینے کی 19 تاریخ تک آسام، میگھالیہ، بہار، ہماچل پردیش،جموں و کشمیر،لداخ، مغربی بنگال اور سکّم میں بھی گھنے کہرے کی پیش گوئی کی ہے۔ IMD نے مزید کہا کہ ہماچل پردیش، پنجاب، اتراکھنڈ اور اڈیشہ میں اگلے دو دنوں تک سرد لہر کی صورتحال بنی رہے گی۔

## Badminton

بیڈمنٹن میں آج نئی دلّی میں انڈیا اوپن میں بھارت کے لکشیا سین مردوں کے سنگلس کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ لکشیا سین نے راؤنڈ 16 کے میچ میں جاپان کے Kenta Nishimoto کو ہرایا۔ اس سے قبل H.S Prannoy اور کدامبی شریکانت راؤنڈ 16 میں ہارنے کے بعد ٹورنامنٹ سے باہر ہو گئے ہیں۔ خواتین کے سنگلس میں Malvika Bansod کے چین کی کھلاڑی Han Yue سے ہارنے کے بعد بھارت کی دعویداری ختم ہو گئی ہے۔×

## Maharashtra Civic Elections Update

مہاراشٹر میں Brihanmumbai میونسپل کارپوریشن سمیت 29 میونسپل کارپوریشنوں کے انتخاب کیلئے ووٹنگ پُرامن طور پر مکمل ہوگئی۔ ان میونسپل کارپوریشنوں میں 893 وارڈس پر مشتمل دوہزار 869 سیٹوں کیلئے پولنگ منعقد کی گئی۔ میدان میں 15 ہزار 931 امیدوار تھے۔ ووٹوں کی گنتی کل ہوگی۔x

## NITI Aayog Report MSME

آج نیتی آیوگ نے ایک رپورٹ جاری کی ہے جس کا موضوع ہے: ''اسکیموں کی مرکوزیت کے ذریعے MSME شعبے میں استعداد حاصل کرنا''۔ اس رپورٹ کو نیتی آیوگ کے CEO، بی وی آر سبرامنیم نے آج نئی دلّی میں جاری کیا۔ رپورٹ میں ملک کی انتہائی چھوٹی، چھوٹی اور درمیانہ درجے کی کمپنیوں MSMEs کیلئے سرکاری مدد کے اثر کو مستحکم کرنے کی غرض سے ایک جامع راہِ عمل کو اجاگر کیا گیا ہے۔ آیوگ نے بتایا کہ یہ رپورٹ MSMEs شعبے کیلئے، موجودہ سرکاری اسکیموں اور پروگراموں کا جائزہ لیتی ہے اور اُن کے مابین مرکوزیت کی موجودہ سطح کا تجزیہ کرتی ہے۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب سبرامنیم نے کہا کہ رپورٹ میں یہ بات اجاگر کی گئی ہے کہ ایک ہی جیسے ہدف والی اسکیموں کو مرکوز کیا جاسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆